SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

December 24, 2020

***For immediate release***

## ایس ای سی پی نے اپنی سالانہ رپورٹ جاری کر دی

اسلام آباد (دسمبر 24) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے مالی سال 20-2019 کے لئے اپنی سالانہ رپورٹ جاری کر دی ہے، جس میں کیپٹل مارکیٹ میں سرمائے کی تشکیل کو فروغ، سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزیز کو چھوٹے قرضوں کی آسان فراہمی، مالیاتی شمولیت میں اضافے اور کاروباری آسانیاں فراہم کرنے کے لئے کئے گئے اقدامات کی تفصیلات شامل ہیں۔

چیئرمین ایس ای سی پی عامر خان نے رپورٹ میں شائع اپنے پیغام میں کہا ہے کہ گزشتہ مالی سال کے دوران معاشی نمو کو فروغ دینے اور سرمایہ کاری میں اضافے کے لئے بہترین ریگولیٹری ماحول پیدا کرنا، ٹیکنالوجی کا ستعمال کر کے کیپٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی تعداد میں اضافے کے اقدامات اور مارکیٹ کو وسعت دینا اور کارپوریٹ سیکٹر میں کاروباری آسانیاں پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ موثر انفورسمنٹ کے لئے اقدامات کئے گئے۔ گزشتہ مالی سال کے دوران اسٹاک مارکیٹ میں آئی پی او (ابتدائی پبلک آفرنگ) کے قواعد کو سہل اور تمام تر عمل کو ڈیجیٹلائز کر دیا گیا ہے، چھوٹی کمپنیوں کو سٹاک مارکیٹ سے سرمایہ کے حصول کے مواقع فراہم کرنے کے لئے پی ایس ایکس پر گروتھ انٹرپرائز مارکیٹ (جی ای ایم) متعارف کروائی گئی ہے، سٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کرنے والے سرمایہ کاروں کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے نئی بروکرز رجیم متعارف کروائی گئی ہے، مارجن فنانس پراڈکٹ کو بحال کیا گیا اور کم رسک والے سرمایہ کاروں کے لئے آسان سہولت اکاؤنٹ متعارف کروا دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائز اور گیر رجسٹرڈ افراد اور کاروبار کو مالیاتی اداروں سے قرض کے حصول میں معاونت دینے کے لئے ڈیجیٹل سیکورڈ ٹرانزیکشن رجسٹری متعارف کروائی گئی ہے۔

چیئرمین ایس ای سی پی عامر خان کا کہنا ہے کہ رواں مالی سال کے دوران مرحلہ ادارے کی تنظیم نو اور استحکام، کمپنیوں کی رجسٹریشن کی لئے موجودہ ای سروسز کی جگہ جدید بزنس رجسٹری کا قیام، ادارے کے تمام داخلی پراسیس کی اینڈ ٹو اینڈ آٹومیشن اور عوام کو بہترین سروسز کی فراہمی کے لئے سٹاف کی تربیت، استعداد کار میں بہتری اور فیڈبیک میکنزم فراہم کرنا رواں مالی سال کی ترجیحات میں شامل ہے۔

- **ایس ای سی پی نے اپنی سالانہ رپورٹ جاری کر دی**
- ایس ای سی پی کی سالانہ رپورٹ میں کیپٹل مارکیٹ میں سرمائے کی تشکیل، سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزیز کو چھوٹے قرضوں کی آسان فراہمی، مالیاتی شمولیت میں اضافے کے اقدامات کی تفصیلات شامل ہیں
- گزشتہ مالی سال کاروباری آسانیاں فراہم کرنے کے لئے کئے گئے اقدامات کی تفصیلات دی گئی ہیں۔ چیئرمین ایس ای سی پی عامر خان

- معاشی نمو کو فروغ دینے اور سرمایہ کاری میں اضافے کے لئے ریگولیٹری ماحول بہتر کرنے کے اقدامات کئے گئے: چیئرمین ایس ای سی پی عامر خان
- ٹیکنالوجی کا استعمال کر کے کیپیٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاروں کی تعداد میں اضافے کے اقدامات کئے گئے: رپورٹ
- اسٹاک مارکیٹ میں ابتدائی پبلک آفرنگ کے عمل کو ڈیجیٹلائز کر دیا گیا ہے: رپورٹ
- چھوٹی کمپنیوں کی سٹاک مارکیٹ میں لسٹنگ کے لئے گروتھ انٹرپرائز مارکیٹ (جی ای ایم) متعارف کروائی گئی: رپورٹ
- سرمایہ کاروں کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے نئی بروکرز رجیم متعارف کروائی گئی: رپورٹ
- چھوٹے کاروبار اور افراد کو قرض کے حصول میں آسانی کے لئے سیکورڈ ٹرانزیکشن رجسٹری متعارف کروائی گئی: رپورٹ
- ادارے کی تنظیم نو اور استحکام کے اقدامات کئے جائیں گے: چیئرمین ایس ای سی پی عامر خان
- کمپنیوں کی رجسٹریشن کے لئے موجودہ ای سروسز کی جگہ جدید بزنس رجسٹری متعارف کروائی جائے گی؛ چیئرمین ایس ای سی پی عامر خان
- ایس ای سی پی کے ریگولیٹری پراسیس کی مکمل آٹومیشن کی جائے گی؛ چیئرمین ایس ای سی پی عامر خان